23/01/2026 07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبر نامہ لے کر میں سید مبشر رفاعی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے کیرالہ میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں اور نئی ریل گاڑیوں کا کیا افتتاح۔

*........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک شمولیاتی سماج وجود میں لانے کیلئے آپسی روا داری اور باہمی اشتراک جیسے اقدار بروئے کار لانے پر دیا زور ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے تحت سرینگر میں مختلف شعبوں کے نمائندوں کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں اور ترجیحات پر کیا تبادلہ خیال ۔

اور

*.... جموں کشمیر میں طویل خشک سالی کے بعد موسم نے بدلے مزاج // بارشوں اور برف باری سے لوگوں میں خوشی کی لہر ۔

مودی

کیرالہ میں کئی پروجیکٹوں کا افتتاح Thiruvananthapuram وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کیا اور کئی نئی ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ انہوں نے پی ایم سواندھی کریڈٹ کارڈ کی بھی شروعات کی اور ایک لاکھ مستحقین میں پی ایم سواندھی قرضے جاری کئے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے متحد ہو کر کام کر رہی ہے اور اس عمل میں شہر اہم رول ادا کر رہے ہیں ۔ وزیر اعظم نے مرکز کی کئی خاص سکیموں کا تفصیل سے ذکر کیا ۔

------MODI------

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ہمیں آپسی روا داری ، باہمی اشتراک اور امن و امان کے اقدار کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک شمولیاتی سماجی وجود میں لانے کیلئے کام کرنا چاہئے .جموں میں آج وارانسی میں مقیم ایک رضا کار تنظیم شری بابا کاشی وشواناتھ سیوا سمیتی کی جوبلی تقریبات کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اصل اعتقاد کا راز بے لوث Silver خدمت کرنے میں مضمر ہے ۔

انہوں نے کہا کہ روحانی طور تقویت پانے سے انسان ایک منظم اور ترقی یافتہ سماج وجود میں لا سکتا ہے ۔

ایل جی نے پچھلے25برسوں سے شری امر ناتھ جی کے شردھالوں کو مختلف سہولیات بہم کرانے کیلئے اس تنظیم کی ستائش کی۔

...........LG...........

نیتا جی

نیتاجی سبھاش چندر بوس کے 129 ویں یوم پیدائش پر صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے ، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی،وزیر داخلہ امت شاہ اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے انہیں یاد کر تے ہوئے خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

یہ دن پرا کرم دوس کے طور پر منایا جا رہا ہے۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دو فروری کو جموں کشمیر اسمبلی کا بجٹ اجلاس شروع ہونے سے پہلے آج سرینگر میں بھی مختلف محکموں کے افسروں اور متعدد سیکٹروں کے نمائندوں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا ۔ آج انہوں نے صنعت کاری ، سیاحت ، ، ہارٹیکلچر ، زراعت اور تعلیم کے محکموں کے افسروں اور نمائندوں کے ساتھ Hospitality تبادلہ خیال کر کے ان کے ترقیاتی منصوبوں اور ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا ۔

کی اہمیت پر زور دیا ۔ واضح رہے کہ Budgeting وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر عوام دوست انہوں نے اس سے پہلے جموں میں بھی مختلف محکموں کے ساتھ مشاورتی میٹنگیں منعقد کی تھیں ۔ میٹنگ میں کابینی وزراءسکینہ ایتو ، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما کے علاوہ ایڈیشنل چیف سیکریٹری دھیرج گپتا بھی موجود تھے ۔

چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت تمام علاقوں میں کھیلوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے اور اس ضمن میں دیہی اور سرحدی علاقوں کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ۔ وہ آج یونیورسٹی آف جموں ASMITA کھیلو انڈیا وومنز لیگ - نارتھ زون کِک باکسنگ ٹورنامنٹ 2026 کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے ان مقابلوں کو جموں کشمیر میں کھیل کود کو بڑھاوا دینے اور خواتین کو با اختیار بنانے کے لئے اہم قرار دیا ۔

سکینہ

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج دمہال ہانجی پورہ کولگام میں شہید ولی محمد ایتو میموریل سب ڈسٹرکٹ اسپتال میں نئے قائم کئے گئے Dialysis یونٹ کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے کہا کہ اس یونٹ کی بدولت اب علاقے کے مریضوں کو Dialysis کرانے کے لئے باقی اسپتالوں کا رُخ نہیں کرنا پڑے گا ۔

سکینہ دورہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ضلع اسپتال کولگام کا اچانک دورہ کرکے موسمی صورتحال کے پیش نظروہاں دستیاب سہولیا ت کا جائزہ لیاـوزیر موصوفہ نے اسپتال انتظامیہ کوہدایت دی کہ مریضونکو ہر طرح کی سہولیات بہم رکھی جانی چاہیں۔

بارش

جموں کشمیر میں طویل خشک موسمی صورتحال کے بعد کل رات سے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے عین مطابق بارشوں اور برف باری کا سلسلہ شروع ہوا ۔ موسم کی ایک مثبت کروَٹ سے عام لوگوں خاص طور سے کسانوں اور سیاحت سے جُڑے افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے راحت کی سانس لی ۔ چلہ کلان میں برف باری یہاں کے ہر سیکٹر کے لئے ایک نیک شگون تصور کیا جاتا ہے ۔

موسمی صورتحال

مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ وادی کے بالائی علاقوں میں درمیانہ درجے سے بھاری برف باری ریکارڈ کی گئی اور کئی مقامات پر برف باری کا یہ سلسلہ شام دیر گئے تک جاری رہا ۔ شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات اور میدانی علاقوں میں درمیانہ درجے سے بھاری بارشیں ہوئیں ۔ تاہم برف باری کی وجہ سے سرینگر جموں قومی شاہراہ ، مغل روڑ اور سرینگر لیہہ شاہراہ بھی ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بند کر دئے گئے جنہیں قابل آمد رفت بنانے کے لئے ہنگانی نوعیت کے اقدامات شروع کئے گئے ہیں ۔اُدھر آج سرینگر ہوائی اڈے پر پروازوں کی آواجائی کا سلسلہ موسم میں تبدیلی کی وجہ سے متاثر رہا ۔ بانہال اور سرینگر کے درمیان ریل رابطہ بھی آج منقطع رہا ۔ جموں صوبے میں بھی کل شام سے رک رک کر بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور صوبے کے مختلف علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشیں ہو رہی ہیں ۔

عمر میٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج افسران کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں موسم کی تبدیلی کے بعد پیدا ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے متاثرہ علاقوں میں بجلی ، پانی ، طبی خدمات اور سڑک رابطوں کے علاوہ دیگر سہولیات کی فوری بحالی کی ہدایات دیں۔

وزیر اعلیٰ نے انتظامیہ کو ہائی الرٹ پر رہنے کی بھی ہدایت دی ۔

پولیس مدد

موسم کی اس تبدیلی کے بیچ جموں کشمیر پولیس نے متعدد مقامات پر درماندہ عام لوگوں اور سیاحوں کی مدد کی ۔ پولیس نے شوپیان ، کولگام اور گاندربل میں کئی مقامات پر لوگوں اور سیاحوں کو برف باری کے دوران عبور و مرور میں ان کی راحت رسانی کی ۔

دریں اثناءپولیس نے عام لوگوں کی مدد کے لئے کنٹرول روم قائم کئے ہیں اور لوگ ضرورت پڑنے پر ان کے ساتھ رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

ہیلپ لائن

دریں اثناءمختلف اضلاع میں ضلع اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے ہیلپ لائن نمبرات جا ری کئے گئے ہیں۔ بڈگام ضلعے کا ایک ہیلپ لائن نمبر 6006751939 ہے ۔

ایس ایس پی سوپور کا ہیلپ لائنز نمبر 9596773001 ہے۔ ایس ایس پی اونتی پورہ کا نمبر 9797556566 ہے۔

گاندربل کا نمبر 7006455576 ہے۔ پولیس سٹیشن سونمرگ کا نمبر 7006790008 ہے۔ DySP ایس ایس پی پونچھ کا نمبر 9596580785 ہے ۔

ایمر جنسی کی صورت میں 112 پر بھی رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

پولیس نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ دِگر گوں موسمی صورتحال کے پیش نظر چوکس رہیں اور ضرورت پڑنے کی صورت میں مشتہر کئے گئے ہیلپ لائنز نمبراد پر رابطہ قائم کرے۔

جائزہ

دریں اثناءمختلف ضلعوں کے ترقیاتی کمشنروں نے اپنے اپنے ما تحت علاقوں کا دورہ کر کے
وہاں کل کی تیز
ہواو

---

ں اور بارشوں و برف باری کے بعد پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت ۓ دی کہ وہ سڑکوں کو قابل آمد رفت بنانے نیز بجلی ، پانی ، طبی نگہداشت اور دیگر شعبوں میں سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں ۔

فاروق

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے وادی میں ہوئے رحمتِ باراں پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ نے بجلی ، پانی اور سڑک رابطوں کو بحال کرنے کے لئے بے مثال کام کیا ۔ تاہم انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں ان سہولیات کی بحالی کے لئے ہنگامی نوعیت کے اقدامات کئے جانے چاہئیں ۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ان علاقوں میں جاری بحالیاتی کاموں کی نگرانی کر کے لوگوں کو راحت پہنچائیں ۔

کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے بھدر واہ چھمب سڑک پر پیش آئے سڑک حادثے میں قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے متاثرین کو ہر ممکن مدد دینے کا معاملہ ضلع انتظامیہ کے ساتھ اٹھایا ہے ۔

-------BYTE-------

BJP کے سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے الزام لگایا ہے کہ انتظامیہ اور دیگر ایجنسیاں پونچھ اور راجوری ضلعوں میں موجودہ موسمی صورتحال کے دوران لوگوں کو راحت پہنچانے میں ناکام ہوئی ہے ۔

وہ پونچھ کے تین روزہ دورے کے دوران آج بھمبر گلی پونچھ میں چار گھنٹے تک درماندہ رہنے کے بعد واپس لوٹ گئے ۔

ہانجورہ

PDP کے سینئر لیڈر غلام نبی لون ہانجورہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہبڈگام ضلعے کے چرار شریف حلقے میں تمام سڑکوں سے برف ہٹانے کے لئے فوری اقدامات کئے جانے چاہئےں تاکہ لوگوں کو عبور و مرور میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

ہوا

اس سے پہلے کل شام وادی کے مختلف علاقوں میں تیز ہوائیں چلیں جس کی وجہ سے کئی مکانوں کے چھت اُڑ گئے اور کئی مقامات پر چنار ، سفیدے ، اخروٹ اور بید کے درخت سڑکوں اور بجلی تاروں پر گر آئے، جس کی وجہ سے بجلی کا پورا نظام متاثر ہو گیا ۔ محکمہ بجلی نے اپنی افرادی قوت اور مشینری کو کام پر لگا کر شام دیر گئے تک بیشتر علاقوں میں بجلی سپلائی بحال کر دی تھی ۔ عوامی حلقوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی املاک کو ہوئے نقصان کا فوری طور سے جائزہ لیا جائے اور متاثرین کے حق میں معقول امداد واگزار کی جائےں ۔

امین شاہ

بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایک سینئر لیڈر اور سٹیٹ ایگزیکیوٹیو ممبر محمد امین شاہ نے گاندربل ضلعے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں کل رات تیز ہواوں سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لیا ۔

حج

ہمارے شوپیان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ موجودہ موسمی صورتحال کے چلتے کل ضلعے کے حج عازمین کے تربیتی پروگرام کو فی الحال ملتوی کیا گیا ہے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناَپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

پرگتی

ملک میں اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی موثر عمل آوری اور ان پروجیکٹوں کے اخراجات کو قابو میں رکھنے کے لئے مرکزی سرکار نے 2015 سے پرگتی نام کی پہل شروع کی جس کی رو سے وزیر اعظم نریندر مودی بذاتِ خود پروجیکٹوں کی نگرانی کر کے ان کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بناتے ہیں ۔

اس پہل کے بارے میں ایک ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

صوبائی کمشنر

کشمیر وی کے بردی اور ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو IGPڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ ، کے علاوہ دیگر کئی افسروں نے آج بخشی اسٹیڈیم کا دورہ کرکے موسم کی تبدیلی کے بعد وہانکی صورتحال کا جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر نے اسٹیڈیم سے پانی کی نکاسی کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت دی ۔

ناگپال

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر اجیت کمار ناگپال نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں طبی نگہداشت کا شعبہ اگر چہ ترقی کی بلندیوں کوچھو رہا ہے تاہم متعلقین کی کاوشوں کی بدولت اس شعبے میں مزید بہتری لائی جا سکتی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کایوں اظہا رکیا۔

........Nagpal........

معراج النبی

معراج النبی ﷺ کے بعدکے جمعہ کی تقریب سعید کے سلسلے میں آج پورے جمونوکشمیر میں دینی اجتماعات منعقد ہوئے۔ اس دوران علمائے دین نے فضیلت معراج پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوا، جہاں فرزندانِ توحید آج نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت سے فیضیاب ہو رہے ہیں ۔

------Durood-------

PDP

PDP صدر محبوبہ مفتی نے دعویٰ کیا ہے کہ 12 ہزار سے زائد پیشہ ور نیم سابق وزیر اعلیٰ اور طبی افراد اپنی تربیت مکمل کرنے کے بعد اس وقت نوکریوں کی تلاش میں پریشانیوں سے دو چار ہیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ لازمی رجسٹریشن کے بغیر یہ پیشہ ور افراد نوکریوں کے لئے درخواستیں نہیں دے پا رہے ہیں ۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ہزاروں کی تعداد میں ایسے تربیت یافتہ افراد کی ترجیحی بنیادوں پر رجسٹریشن عمل کو شروع کرائیں ۔

جموں پولیس

ادھمپور میں ایک میٹنگ کے دوران ضلعے DPL ادھمپور - ریاسی رینج سارہ رضوی نے DIG میں سلامتی صورتحال اور دیگر امور کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ چوکسی اور باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے قوم دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنائیں ۔

ایس ایس پی ادھمپور امود اشوک ناگپورے نے پولیسنگ کے مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والے 21 پولیس اہلکاروں کی عزت افزائی کی ۔

کے اپنے گھروں میں کرایہ داروں Verification آر ایس پورہ میں پولیس نے بغیر لازمی پولیس درج کی ہے - FIR کو رکھنے کی پاداش میں تین مکان مالکان کے خلاف

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے دھوکہ دہی اور زمین کے ایک پلاٹ کے جعلی کاغذات سے متعلق ایک معاملے میں نوگام بائی پاس سرینگر کے غلام محی الدین ڈارکے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام کی عدالت میں فردِ جرم دائر کی ہے۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک فلم کوآرڈنیٹر سمیر ریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

سریکلچر

ڈائریکٹر سیریکلچر جموں کشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج جموں میں بنگلور کے ٹیور سے واپس لوٹے کِرمکشوں کے گروپ کا استقبال کیا ۔ انہوں نے ان کسانوں پر زور دیا کہ وہ وہاں کے تجربات کو بروئے کار لا کر جموں کشمیر میں سِلک انڈسٹری کو دوام بخشنے میں اپنا رول ادا کریں ۔

ست شرما

جمونکی طرف سے آج مٹھوار جموں میں بابا بلو جی استھاپن پر BJP بسنت پنچمی کے موقعے پر جموں کشمیر کے صدر ممبر پارلیمنٹ ست شرما اور کئی دیگر BJP پوجا کا انعقاد کیا گیا جس میں لیڈروں نے شرکت کی ۔

پون

پارٹی کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی نے ملک کو متحد کرنے اور ایک پرامن خطہ بنانے کے علاوہ جموں کشمیر کو ترقی کے نئے منازل سے ہمکنار کرانے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج اجمیر شریف کا دورہ کرکے وہاں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار پر چادر چڑھائی ۔ اس موقعے پر انہوننے جموں کشمیر کے لوگوں کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں ۔ انہوننے مزید کہا کہ ان کی پارٹی زمینی سطح پر لوگوں کو با اختیار بنانے اور جمہوری اقدار کی پاسداری کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

GCC

جموں کشمیر نے سرینگر ،جموں اور دیگر شہری علاقوں میں Concerned Citizens گروپ آف کے چیر مین GCC کی عمل آوری پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ Unified Building Bye-Laws اور سابق گورنر کے سابق مشیر خورشید احمد گنائی نے ایک پریس نوٹ میں کہا ہے کہ اس تعلق کمیٹی کے جائزے تک التواءمیں رکھا جا نا چاہئے ۔ Expert سے ترامیم کو

اشونی

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت اگلے 18 Brands مہینوں کے دوران اپنے موبائل کی شروعات کرے گا ۔ یہ اعلان انہوں نے آج داووس میں عالمی اقتصادی فورم کے حاشئے پر بات کرتے ہوئے کیا ۔

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت11اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر33منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر53منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔